MCB Islamic

# MCB Islamic Bank Ltd.

DEPOSIT PROTECTION CORPORATION

## DEPOSIT PROTECTION CORPORATION

The Deposit Protection Corporation (DPC) has been established under the Deposit Protection Corporation Act, 2016 as a subsidiary of the State Bank of Pakistan (SBP). It commenced its operations on June 1, 2018.

The mandate of DPC is to protect small and financially unsophisticated depositors in the event of any bank failure by compensating them up to the protected amount in order to repose confidence amongst depositors and promote stability in the financial system

## FREQUENTLY ASKED QUESTIONS

**Q#1: What is Deposit Protection?**

Deposit Protection is a system established to protect the deposits of eligible depositors up to a specified limit in the event of a bank being declared as a failed bank by State Bank of Pakistan (SBP).

**Q#2: What is Deposit Protection Corporation (DPC) and what is role of it?**

Deposit Protection Corporation (DPC) is a subsidiary of State Bank of Pakistan (SBP) established under the Deposit Protection Corporation Act, 2016. The role of the Corporation is to provide a robust Deposit Protection Mechanism to ensure payment of protected amount to the eligible depositors of a DPC member bank, in the event of it being declared as a failed bank by State Bank of Pakistan (SBP).

**Q#3: What is the protected amount determined by DPC for the protection of eligible depositors?**

Presently, a protected amount of up to PKR 500,000/- “per depositor-per bank” has been determined by DPC for the protection of eligible depositors.

**Q#4: What is the benefit of Deposit Protection?**

Deposit Protection will provide prompt access to the guaranteed amount i.e. up to PKR 500,000/- to the eligible depositors of a bank declared as failed by State Bank of Pakistan.

**Q#5: How do I know if my bank is a member bank of DPC?**

Presently all scheduled banks operating in Pakistan are members of deposit protection scheme of DPC. The list of member banks is available at DPC's website:
***https://www.dpc.org.pk/Circulars/2020/CL1-Annex-A.pdf***

**Q#6: How do I know if my deposit is eligible for deposit protection?**

Your deposit is eligible for protection, if it does not belong to any of the following categories:

a. Government or Government Institutions.
b. Member institutions of DPC
c. Companies as defined under Companies Ordinance, 1984/ Companies Act 2017
d. Corporations, Modarbas, Mutual Funds
e. Branch(es)/Permanent establishment(s) of foreign entities
f. Diplomatic Missions and international organizations/ entities like United Nations, World Bank, IFC, and ADB etc.
g. Autonomous Bodies
h. Deposits on which preferential interest or return has been granted by the bank
i. Members of Board of Directors and senior management of a DPC member bank
j. Engagement partners of auditing firm responsible to certify DPC member bank's financial statements
k. Persons acquired rights to a deposit after SBP's notification of Bank failure under DPC Act 2016
l. Spouses, dependent lineal ascendants and descendants and dependent brothers and sisters of the persons specified at serial No. i, j & k above
m. Deposits arising out of or related to transactions or actions constituting money laundering within the meaning of the Anti-Money Laundering Act, 2010 if the offender has been convicted of such offence
n. Amounts reported under unclaimed deposits by a member bank in compliance of section 31 of Banking Companies Ordinance 1962
o. Deposits maintained at branches and subsidiaries of Pakistani banks operating outside Pakistan and branches located in Export Processing Zones (EPZ)

**Q#7: I am an eligible depositor; how do I know if my account is also eligible for deposit protection?**

Following types of accounts of eligible depositors are protected by DPC:

a. All current and saving accounts including Roshan Digital Accounts (RDA)
b. All types of branchless accounts
c. Fixed term deposits
d. Call Deposit Receipts (CDR)/ Security Deposit Receipts (SDR)
e. Deposit balance kept as cash margins/ collateral or under lien, that are payable to depositors after satisfaction of all dues that are payable by them to the bank
f. Foreign currency deposits. However, reimbursement of such accounts shall be made equivalent to PKR at the exchange rate declared by SBP on date of notification of a bank failure.
g. Profit accrued till cut-off date on any of the above type of accounts
h. Any other type of deposits communicated by DPC from time to time

**Q#8: Does DPC provide protection to my deposits held at an overseas branch of a Pakistani bank?**

DPC does not provide protection to depositors of overseas branches of Pakistani banks and branches located in Export Processing Zones (EPZ) across Pakistan.

**Q#9: I am a foreign national temporarily living in Pakistan. Does my account maintained in a domestic branch of Pakistani bank is eligible for Deposit Protection?**

Yes, Nationality/ residential status of a depositor would not affect the eligibility of depositor for Deposit Protection. However, the bank having deposited amount should be a member institution of DPC. The list of member banks is available on the DPC website:
***https://www.dpc.org.pk/Circulars/2020/CL1-Annex-A.pdf***

**Q#10: Do I need to apply for Deposit Protection?**

No, all eligible depositors of member banks of DPC shall stand automatically qualified for Deposit Protection.

**Q#11: I have a joint account with my wife in a bank. Does each of us enjoy separate Deposit Protection by DPC in case of bank failure?**

Yes, each eligible depositor of a joint account enjoys separate protection by DPC. However, any pre-defined share or proportionate share of each depositor in a joint account shall add up to his/ her other deposit balances in the same bank for the purpose of calculating the protected amount for reimbursement to that depositor

**Q#12: Can I claim from DPC an additional protection over and above the maximum protected amount of PKR 500,000?**

No. The maximum protected deposit currently prescribed by DPC is PKR 500,000/-.

**Q#13: What happens to unprotected portion of my deposits?**

Depositor may claim for the unprotected portion of their deposits from the official liquidator.

**Q#14: Does DPC provide separate coverage for conventional & Islamic deposits of a single depositor?**

No. DPC provides a total coverage of up to PKR 500,000/- to each eligible depositor against all of his/her conventional & Islamic deposits, held in the same bank.

**Q#15: Whether DPC provides separate protection against multiple accounts of an eligible depositor maintained with different banks?**

Yes. A single depositor can receive a protection of up to PKR 500,000/- against all his/ her deposits maintained with each member bank. However, maximum protection is capped at PKR 500,000/- for all accounts in one bank based on 'per depositor-per bank principle'.

**Q#16: In which currency the protected amount shall be reimbursed to eligible depositors?**

The protected amount shall be reimbursed to eligible depositors in Pak Rupees (PKR). Foreign currency deposits shall also be reimbursed in equivalent Pak Rupees on the conversion rates declared by SBP for this purpose.

**Q#17: Can a bank recover the cost of Deposit Protection from its depositors?**

No. banks are not allowed to recover any cost associated with Deposit Protection from their depositors.

**Q#18: If my bank fails, would DPC pay any interest on my protected deposits at the time of reimbursement?**

No. DPC will not pay any further interest or profit on the total claim of the depositor of failed member bank.

**Q#19: I have advised my bank to issue a pay order/ bankers cheque from my account. In addition, I have received a pay order from my insurance company that is forwarded to the bank for credit in my account. What happens to items in transit that are not cleared/ settled on the date of bank failure?**

The issues related to instruments in transit that are not settled/ cleared on the date of bank failure shall be addressed during liquidation process. DPC would make payment to eligible depositors based on the outstanding balance(s) available in their deposit account(s) on the date of bank failure as declared by SBP.

**Q#20: I have two accounts in the same bank, one as an individual and other as a sole proprietor. Does DPC provide separate protection to both accounts at the time of bank failure?**

DPC does not provide separate protection to persons having accounts as an individual and a sole proprietor in the same bank. The calculation of protected amount for such depositors is depicted below:

| Depositor | Category | No. of A/Cs | Deposits (PKR) | Protected Amount (PKR) |
|---|---|---|---|---|
| Mr. XYZ | Individual | 1 | 200,000 | - |
| Mr. XYZ | Sole Proprietor | 1 | 340,000 | - |
| Total | | 2 | 540,000 | 500,000 |

**Q#21: How DPC would assess the protected amount for different categories of eligible depositors?**

The protected amount would be assessed against all deposits of a single depositor held with a failed (member institution) bank on the date of notification by the State Bank of Pakistan.

For evaluation of guaranteed amount for different categories of depositors, following illustration may be seen:

| Depositor | Category | No. of A/Cs in same bank | Total Deposit (PKR) | Protected Amount (PKR) |
|---|---|---|---|---|
| Mr. XYZ | Individual and Sole Proprietor | 3 | 600,000 | 500,000 |
| Ms. ABC | Individual | 1 | 300,000 | 300,000 |
| Mr. RAZ | Sole Proprietor | 4 | 1,000,000 | 500,000 |
| ABC Consultancy Ltd | Partnership Firm | 2 | 700,000 | 500,000 |
| WBC Builders | Partnership Firm | 3 | 1,500,000 | 500,000 |
| MNP Fitness Club | Sole Proprietor | 6 | 1,000,000 | 500,000 |
| SINCOS Foundation | Trust | 1 | 200,000 | 200,000 |
| TANG-ONN | Other (Adventure Club) | 1 | 100,000 | 100,000 |

*Note: This example is applied both conventional and Islamic types of accounts held by a single depositor*

**Q#22: How would I know if my bank (DPC member institution) has failed?**

After the issuance of notification by SBP, the Corporation shall inform general public through leading newspapers having wide circulation in the country. The information shall include the date after which depositors will receive protected amount from the Corporation and the procedure for payments.

**Q#23: How would DPC validate my total deposits held with a failed member institution (bank)?**

Deposit balances of all eligible depositors shall be validated on the basis of a comprehensive depositors' database reported by the failed member institution (bank).

**Q#24: If my bank (DPC member institution) fails, when will I receive the coverage amount guaranteed against my deposits from DPC?**

DPC shall begin the process of reimbursement to eligible depositors as early as possible after the issuance of failure notification of a member institution by SBP. DPC shall ensure payments to most of the protected depositors are made or tendered within seven working days and that all payments are made or tendered within thirty days at the latest, provided that there is no legal dispute on the deposit or accounts in question.

**Q#25: I have deposits in two member institutions (banks) of DPC. What happens to my deposits if they merged?**

Your deposits up to the guarantee amount shall continue to be protected separately for a period of one year or full withdrawal or until maturity of the deposits, whichever occurs earlier, from the effective date of merger.

**Q#26: Can legal heirs of a deceased depositor of a failed bank claim the guaranteed amount from DPC?**

Yes. However, the legal heirs will be required to prove their right to claim the guaranteed amount by acquiring all necessary documents as per the applicable laws.

**Q#27: Where should I contact for further information on deposit protection in Pakistan?**

You may visit DPC's website https://www.dpc.org.pk to access further details on deposit protection in Pakistan. You can also write through email at info@dpc.org.pk or through surface mail at the following address:

**DEPOSIT PROTECTION CORPORATION**
2nd Floor, SBP Bolton Market Building,
M.A. Jinnah Road, Karachi.

---

Disclaimer: These FAQs are being issued for information and general understanding only and shall not constitute any legal obligation on the part of Deposit Protection Corporation (DPC). These FAQs are subject to updates from time to time by the DPC. The Deposit Protection Corporation Act, 2016, rules and regulations issued thereunder shall be applicable on all the member institutions.

DEPOSIT PROTECTION CORPORATION

## ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن

ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن کا قیام اسٹیٹ بینک کے ایک ذیلی ادارے کی حیثیت سے ڈپازٹ پروٹیکشن ایکٹ 2016 کے نفاذ کے نتیجے میں عمل میں آیا۔ کارپوریشن نے اپنے امور کا آغاز 01 جون 2018 سے کیا۔ کارپوریشن کی ذمہ داری ہے کہ کسی بینک کے ناکام ہونے کی صورت میں چھوٹے اور مالی طور پر کمزور ڈپازٹرز کو تحفظ فراہم کرے۔

ڈپازٹرز میں اعتماد کو بڑھانے اور مالی استحکام میں مضبوطی کے لئے کارپوریشن کو یہ ذمہ داری دی گئی ہے کہ کسی بینک کے فیل ہونے کی صورت میں چھوٹے اور مالی طور پر کمزور ڈپازٹرز کو ضمانت کی رقم کی حد تک کا تحفظ فراہم کرے۔

## ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن

سوال 1: ڈپازٹ پروٹیکشن کیا ہے؟

ڈپازٹ پروٹیکشن ایک نظام ہے جو کسی بھی بینک کے اہل ڈپازٹرز کو ایک خاص حد تک مالی تحفظ فراہم کرتا ہے صرف اس صورت میں جب اسٹیٹ بینک آف پاکستان اہل ڈپازٹرز کے بینک کو ناکام قرار دے۔ پاکستان میں ڈپازٹ پروٹیکشن کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔

سوال 2: ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن (ڈی پی سی) کیا ہے اور اس کا کیا کردار ہے؟

ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن (ڈی پی سی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا ایک ذیلی ادارہ ہے جو ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن ایکٹ، 2016 (ڈی پی سی ایکٹ 2016) کے تحت بنایا گیا ہے۔ اس ادارے کا کردار ڈی پی سی کے رکن بینک کے اہل ڈپازٹرز کو محفوظ رقم کی ادائیگی یقینی بنانے کا ایک مضبوط طریقہ کار فراہم کرنا ہے صرف اس صورت میں جب اسٹیٹ بینک آف پاکستان کسی ڈی پی سی رکن بینک کو ناکام قرار دے۔

سوال 3: اہلیت پر پورا اترنے والے ڈپازٹرز کے تحفظ کے لیے ڈی پی سی نے زیادہ سے زیادہ کتنی محفوظ رقم کا تعین کیا ہے؟

فی الوقت، ڈی پی سی نے اہل ڈپازٹرز کے تحفظ کے لیے فی ڈپازٹر فی بینک زیادہ سے زیادہ 500,000 روپے کی محفوظ رقم کا تعین کیا ہے۔

سوال 4: ڈپازٹ پروٹیکشن کا کیا فائدہ ہے؟

اگر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کسی بینک کو ناکام بینک قرار دیتا ہے تو ڈپازٹ پروٹیکشن اہلیت پر پورا اترنے والے ڈپازٹرز کو ضمانت شدہ رقم یعنی 500,000 روپے کی حد تک فوری رسائی فراہم کرتی ہے۔

**سوال 5: مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ میرا بینک ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن کا ایک رکن ہے؟**

فی الوقت، پاکستان میں کام کرنے والے تمام شیڈولڈ بینک ڈی پی سی کے رکن ہیں۔ یہ فہرست ڈی پی سی کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے
https://www.dpc.org.pk/Circulars/2020/CL1-Annex-A.pdf

**سوال 6: مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ میرا ڈپازٹ، ڈپازٹ پروٹیکشن کی اہلیت پر پورا اترتا ہے یا نہیں؟**

اگر آپ کا ڈپازٹ مندرجہ ذیل کسی زمرے سے تعلق نہیں رکھتا تو وہ زیرِ تحفظ ہونے کی اہلیت رکھتا ہے
نیچے دی گئی فہرست میں دیئے گئے ڈپازٹس/ ڈپازٹرز؛

1- حکومت یا حکومتی ادارے
2- ڈی پی سی کے رکن ادارے
3- کمپنیز آرڈیننس 1984 / کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت آنے والی کمپنیاں
4- کارپوریشن، مضاربہ ادارے، میوچل فنڈز
5- غیر ملکی اداروں کی برانچ (یا برانچیں) / مستقل انتظامات
6- سفارتی مشن اور بین الاقوامی ادارے/اقوام متحدہ، عالمی بینک،آئی ایف سی اور اے ڈی بی وغیرہ جیسے ادارے
7- خود مختار ادارے
8- وہ ڈپازٹس جن پر بینک ترجیحی (preferential) سود یا منافع دیتا ہو
9- ڈی پی سی کے کسی رکن بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور سینئر انتظامیہ کے ارکان
10- ڈی پی سی کے رکن بینک کے مالی گوشواروں کی تصدیق کرنے کی ذمہ دار آڈٹنگ فرم کے انگیجمنٹ پارٹنر
11- ڈی پی سی ایکٹ 2016 کے تحت اسٹیٹ بینک کی طرف سے ناکام بینک قرار دیے جانے کے بعد کسی ڈپازٹ کے حقوق حاصل کرنے والے افراد
12- اوپر 9، 10 اور 11 نمبر شمار میں درج افراد کے شریکِ حیات، خاندانی آباواجداد اور اولاد اور زیرِ کفالت بھائی اور بہنیں
13- وہ ڈپازٹس جو اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ، 2010ء کے مفہوم میں آنے والی منی لانڈرنگ سے یا اس سے متعلق لین دین سے یا اقدامات سے جمع کیے گئے ہوں، اگر مجرم اس جرم کا مرتکب قرار پایا ہو
14- وہ رقوم جنکی اطلاع ڈی پی سی رکن بینک نے، بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 کی دفعہ 31 کی تعمیل میں، غیر دعویدار ڈپازٹ کے طور پر کردی ہو
15- پاکستانی بینکوں کے بیرون ملک زیلی اداروں یا شاخوں یا ایکسپورٹ پروسیسنگ زون کی شاخوں میں رکھے گئے ڈپازٹس۔

**سوال 7: میں ایک اہل ڈپازٹر ہوں۔ مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ میرا اکاؤنٹ بھی ڈپازٹ پروٹیکشن کا اہل ہے؟**

اہل ڈپازٹرز کے درج ذیل اقسام کے اکاؤنٹس کو ڈی پی سی کا تحفظ حاصل ہے

1- روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس (آر ڈی اے) سمیت تمام کرنٹ اور سیونگ اکاؤنٹس

2- برانچ لیس بینکنگ کی تمام اقسام کے اکاؤنٹس

3- فکسڈ ٹرم ڈپازٹس

4- کال ڈپازٹ رسیٹس (سی ڈی آر)/ سیکورٹی ڈپازٹ رسیٹس (ایس ڈی آر)

5- ڈپازٹ کی رقم جو کیش مارجن/ گروی یا قانونی دعوے کے تحت رکھی گئی ہو، جو بینک کو اُن کی طرف سے واجب الادا تمام رقوم کی ادائیگی کی تصدیق کے بعد ڈپازٹرز کو قابل ادائیگی ہو

6- غیر ملکی کرنسی ڈپازٹس۔ تاہم اعلامیے کی تاریخ پر اسٹیٹ بینک کی طرف سے اعلان کردہ شرحِ مبادلہ پر مساوی پاکستانی روپے ادا کیے جائیں گے

7- مذکورہ بالاتمام اقسام کے اکاؤنٹس پر تاریخ منقطع (cut-off date) تک جمع شدہ منافع

8- کسی بھی اور طرح کے ڈپازٹس جو ڈی پی سی کی جانب سے وقتاً فوقتاً آگاہ کئے گئےہوں

سوال 8: کیا ڈی پی سی میرے ان ڈپازٹس کو بھی تحفظ دیتی ہے جو کسی پاکستانی بینک کی بیرونِ ملک برانچ میں رکھے ہوئے ہیں؟

ڈی پی سی کسی پاکستانی بینک کی بیرونِ ملک برانچوں اور پاکستان میں قائم ایکسپورٹ پراسیسنگ زون (ای پی زیڈ)میں موجودبرانچوں کے ڈپازٹرز کو تحفظ نہیں دیتی۔

سوال9 : میں ایک غیر ملکی شہری ہوں اور عارضی طور پر پاکستان میں مقیم ہوں۔ کیا کسی پاکستانی بینک کی ملکی برانچ میں میرااکاؤنٹ ڈپازٹ پروٹیکشن کا اہل ہے یا نہیں؟

جی ہاں ، ڈپازٹر کی قومیت/ رہائشی حیثیت ڈپازٹ پروٹیکشن کے لیے ڈپازٹر کی اہلیت کو متاثر نہیں کرے گی۔ تاہم، بینک کے لیے ڈی پی سی کا رکن ادارہ ہونا ضروری ہے۔ بینک کے ڈی پی سی رکن ہونے کی تصدیق سوال نمبر 5 میں دی گئی فہرست سے کی جا سکتی ہے۔ یہ فہرست ڈی پی سی کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے

https://www.dpc.org.pk/Circulars/2020/CL1-Annex-A.pdf

سوال10: کیا مجھے ڈپازٹ پروٹیکشن کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہے؟

جی نہیں، ڈی پی سی کے رکن بینکوں کے تمام اہل ڈپازٹرز خود بخود ڈپازٹ پروٹیکشن کے لیے اہل ہوں گے۔

سوال11: میرا اپنی بیوی کے ساتھ ایک بینک میں مشترکہ اکاؤنٹ ہے۔ کیا بینک کے ناکام ہونے کی صورت میں ہم میں سے ہر ایک علیحدہ طور پر ڈی پی سی کی جانب سے ڈپازٹ پروٹیکشن حاصل کرسکے گا؟

جی ہاں، مشترکہ اکاؤنٹ کے ہر اہل ڈپازٹر کو ڈی پی سی کی جانب سے علیحدہ تحفظ حاصل ہے۔ تاہم محفوظ رقم کا تعین کرنے کے مقصدسے مشترکہ اکاؤنٹ کے ہرڈپازٹرکا پہلے سے طے شدہ حصّہ یا متناسب حصّہ متعلقہ ڈپازٹر کےاسی بینک میں رکھے گئے دوسرے ڈپازٹ بیلنسز میں شامل کیا جائے گا۔

سوال12: کیا میں ڈی پی سی سے محفوظ رقم کی زیادہ سے زیادہ حد500,000 روپے سے اضافی تحفظ کا دعویٰ کرسکتا ہوں؟

جی نہیں، فی الحال ڈی پی سی کی طرف سے مقرر کردہ زیادہ سے زیادہ محفوظ ڈپازٹ کی حد 500,000روپے ہے۔

سوال13: میرے ڈپازٹ کے غیر محفوظ حصّے کا مستقبل کیا ہو گا؟

ڈپازٹر اپنے ڈپازٹ کے غیر محفوظ حصّے کے حصول کا دعویٰ نامزد لیکویڈیٹر کے پاس کر سکتے ہیں۔

سوال14: کیا ڈی پی سی ایک ہی ڈپازٹر کے روایتی اور اسلامی ڈپازٹس کے لیے الگ الگ تحفظ فراہم کرتی ہے؟

جی نہیں، ڈی پی سی ہر اہل ڈپازٹر کو کسی ایک ہی بینک میں موجود اس کے تمام روایتی اور اسلامی ڈپازٹس پر500,000 روپے تک کا تحفظ فراہم کرتی ہے۔

سوال15: کیا ڈی پی سی ایک اہل ڈپازٹر کے مختلف بینکوں میں موجود متعدد اکاؤنٹس پر علیحدہ علیحدہ تحفظ فراہم کرتی ہے؟

جی ہاں۔ ایک ڈپازٹر کو ہر رکن بینک میں جمع کیے گئے تمام ڈپازٹس پر علیحدہ علیحدہ 500,000 روپے کی حد تک کا تحفظ حاصل ہے۔ تاہم ، ایک ہی بینک میں موجود تمام اکاؤنٹس کے لیے زیادہ سے زیادہ تحفظ کی حد 500,000 روپے ہے جس کی بنیاد ”فی ڈپازٹر فی بینک اصول “ پر رکھی گئی ہے۔

سوال16: اہل ڈپازٹرز کو محفوظ رقم کس کرنسی میں ادا کی جائے گی؟

اہل ڈپازٹرز کو محفوظ رقم پاکستانی روپے (PKR) میں ادا کی جائے گی۔ غیر ملکی کرنسی کے ڈپازٹس پر بھی اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس مقصد کے لیے اعلان کردہ مبادلے کی شرح کے مطابق مساوی پاکستانی روپے ادا کیے جائیں گے۔

سوال17: کیا بینک اپنے ڈپازٹرز سے ڈپازٹ پروٹیکشن کی لاگت واپس لے سکتا ہے؟

جی نہیں۔ بینکوں کواجازت نہیں ہے کہ وہ اپنے ڈپازٹرز سے ڈپازٹ پروٹیکشن سے متعلق کوئی بھی لاگت وصول کریں۔

سوال18: اگر میرا بینک ناکام ہوجائے، تو کیا ڈی پی سی محفوظ رقم کی واپسی کے موقع پر میرے تحفظ کے حامل ڈپازٹس کے عوض کوئی سود بھی ادا کرے گی؟

جی نہیں،ڈی پی سی ناکام رکن بینک کے ڈپازٹرز کے مجموعی دعوے پرمزید کوئی سود یا منافع ادا نہیں کرے گی۔

سوال19: میں نے اپنے بینک سے درخواست کی ہے کہ وہ میرے اکاؤنٹ سے پے آرڈر/ بینکرز چیک جاری کردے۔ اس کے ساتھ ساتھ مجھے اپنی بیمہ کمپنی سے ایک پے آرڈر ملا ہو جسے اکاؤنٹ میں جمع کرانے کے لیے ارسال کردیا گیا ہو، تو بینک کی ناکامی والی تاریخ تک اگر یہ پے آرڈر وغیرہ کلیئر نہ ہوئے ہوں، پھر کیا ہوگا؟

ڈی پی سی بینک کی ناکامی والی تاریخ تک مجاز ڈپازٹروں کے اکاؤنٹ میں موجود واجبات کی ادائیگی کرے گی۔لہٰذا وہ تمام تمسکات (مثلاًپے آرڈر، چیک وغیرہ) جو بینک کو ناکام قرار دی جانے والی تاریخ تک کلیئرنس کے مرحلے میں ہوں ، ان کا فیصلہ بینک کے باضابطہ تحلیل کے مرحلے کے دوران ہوگا۔

**سوال20: میرے ایک ہی بینک میں دو اکاؤنٹ ہیں، ایک انفرادی اور دوسرا بطور واحد کاروبار مالک ۔کیا ڈی پی سی بینک کی ناکامی کے موقع پر دونوں اکاؤنٹس کو علیحدہ علیحدہ تحفظ فراہم کرتی ہے؟**

ڈی پی سی کسی بھی شخص کے ایک ہی بینک میں انفرادی اور واحد کاروبار مالک کے اکاؤنٹس کو علیحدہ تحفظ فراہم نہیں کرتی۔ ایسے ڈپازٹرز کی تحفظ کی حامل رقم کا تعین ذیل میں درج طریقہ کار سے ہوگا

| ڈپازٹر | زمرہ | اکاؤنٹس کی تعداد | ڈپازٹس (روپے میں) | محفوظ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| جناب اب ج | انفرادی | 1 | 200,000 | - |
| جناب اب ج | واحد کاروبار مالک | 1 | 340,000 | - |
| کل | | 2 | 540,000 | 500,000 |

**سوال21: ڈی پی سی مختلف زمروں کے اہل ڈپازٹروں کے لیے تحفظ کی حامل رقم کا تعین کیسے کرے گی؟**

تحفظ کی حامل رقم کا تعین اسٹیٹ بینک آف پاکستان کےاعلامیے کی تاریخ پر ناکام قرار دیئے گئے بینک کے پاس ہر ایک ڈپازٹر کے تمام ڈپازٹس کے مقابل کیا جائے گا۔
درج ذیل جدول میں مختلف زمروں کے ڈپازٹرز کی ضمانت شدہ رقم کی تخمینہ کاری کے عمل کی وضاحت کی گئی ہے

| ڈپازٹر | زمرہ | ایک ہی بینک میں اکاؤنٹس کی تعداد | ڈپازٹس (روپے میں) | محفوظ رقم (روپے میں) |
|---|---|---|---|---|
| جناب الف ب | انفرادی اور واحد کاروبار مالک | 3 | 600,000 | 500,000 |
| محترمہ الف ب ج بی بی | انفرادی | 1 | 300,000 | 300,000 |
| جناب ر ا ذ | واحد کاروبار مالک | 4 | 1,000,000 | 500,000 |
| الف ب ج کنسلٹنسی لمیٹڈ | شراکتی فرم | 2 | 700,000 | 500,000 |
| ہ و ز بلڈرز | شراکتی فرم | 3 | 1,500,000 | 500,000 |
| ح ط ی فٹنس کلب | واحد کاروبار مالک | 6 | 1,000,000 | 500,000 |
| سینکوس فاؤنڈیشن | ٹرسٹ | 1 | 200,000 | 200,000 |
| ٹینگ آن | دیگر (ایڈونچر کلب) | 1 | 100,000 | 100,000 |

**سوال22: مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ میرا بینک(ڈی پی سی کا رکن ادارہ) ناکام قرار دیا جا چکا ہے؟**

اسٹیٹ بینک کی طرف سے رکن ادارے کے ناکام ہونے کا اعلامیہ جاری ہونے کے بعد ڈی پی سی عوام النّاس کو ملک کے بڑے اور وسیع اشاعت کے حامل اخبارات کے ذریعے اس بابت مطلع کرے گی۔ ان معلومات میں تاریخ اور ادائیگی کا طریقہ کار شامل ہوگا، جس کے بعد ڈپازٹروں کو ڈی پی سی سے تحفظ کی حامل رقوم ملیں گی۔

**سوال23 : ڈی پی سی ناکام رکن ادارے (بینک)کے پاس میرے مجموعی ڈپازٹس کی توثیق کس طریقے سے کرے گی؟**

ناکام رکن ادارے (بینک ) کی جانب سے فراہم کردہ ڈپازٹرز کے جامع اعدادوشمار کی بنیاد پر تمام مجازڈپازٹرز کے واجبات کی توثیق کی جائے گی۔

**سوال24: اگر میرا بینک (ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن کا رکن ادارہ) ناکام ہوجائے، تو میرے ڈپازٹ کے عوض ڈی پی سی کی ضمانت شدہ رقم کب ملے گی؟**

اسٹیٹ بینک کی طرف سے رکن ادارے کے ناکام ہونے کا اعلامیہ جاری ہونے کے بعد مجاز ڈپازٹرز کو رقوم کی ادائیگی کا عمل جلد از جلد شروع کیا جائے گا۔ ڈی پی سی7ایامِ کار کے اندر تحفظ کے حامل ڈپازٹروں کو رقوم کی ادائیگی یقینی بنائے گی اور یہ کہ تمام ادائیگیاں زیادہ سے زیادہ 30دنوں میں مکمل کرلی جائیں گی، بشرطیکہ اِن اکاؤنٹس یا ڈپازٹس پر کوئی قانونی تنازع نہ ہو۔

**سوال25: ڈی پی سی کے دو رکن اداروں (بینکوں) کے پاس میرے ڈپازٹس موجود ہیں۔ اگر ان دونوں کا انضمام ہوجائے تو میرے ڈپازٹس کا مستقبل کیا ہوگا؟**

رکن اداروں کے انضمام کی تاریخ کے بعد سے آپ کے دونوں ڈپازٹس کی علیحدہ علیحدہ ضمانت شدہ رقوم ایک سال کی مدت کےلیے یا مکمل رقم نکلوانے تک یا ڈپازٹس کی عرصیت تک، جو صورت بھی پہلے وقوع پزیر ہو، محفوظ رہیں گی۔

**سوال26: کیا ناکام بینک کے کسی فوت شدہ ڈپازٹرکے قانونی ورثا ڈی پی سی سے ضمانت شدہ رقم کا مطالبہ کرسکتے ہیں؟**

جی ہاں، تاہم ضمانت شدہ رقم کے حصول کے لیے قانونی ورثا کو قابلِ اطلاق قوانین کے تحت تمام ضروری دستاویزات پیش کرکے اپنا حقِ دعویٰ ثابت کرنا ہوگا۔

**سوال27: پاکستان میں ڈپازٹ پروٹیکشن کے حوالے سے مزید معلومات کےلیے مجھے کہاں رابطہ کرنا چاہیے؟**

پاکستان میں ڈپازٹ پروٹیکشن کے حوالے سے مزید معلومات کےلیے آپ ہماری ویب سائٹ www.dpc.org.pk ملاحظہ کرسکتے ہیں۔آپ ہمیں(info@dpc.org.pk) پر ای میل بھی کرسکتے ہیں یا درج ذیل پتے پر بذریعہ ڈاک بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔

ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن

(اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا ایک ذیلی ادارہ)

دوسری منزل، ایس ۔بی۔ پی بولٹن مارکیٹ بلڈنگ، ایم اے جناح روڈ، کراچی۔

---

اظہار بریت

یہ عمومی سوالات عام فہم اور معلومات کے لئے بنائے گئے ہیں اور اس حوالے سے ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن پرکسی بھی طرح کی قانونی زمہ داری / جوابدہی عائد نہیں ہوتی۔ ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن (ڈی پی سی) ان سوالات کی وقتاً فوقتاً تجدید کرتی رہے گی ۔ ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن ایکٹ2016 اور اسکے تحت بنائے گئے قوانین اور ضابطے تمام رکن بینکوں پر لاگو ہوں گے۔